SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XIV مجریہ ۱۹۸۹

SINDH ACT NO.XIV OF 1989

سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۸۹

THE SINDH FINANCE ACT, 1989

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ ۱۸۹۹ کے ایکٹ II کی ترمیم
Amendment of Act II of 1899
۴۔ ۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXII کی ترمیم
Amendment of West Pakistan Act XXXII of 1958
۵۔ ۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXIV کی ترمیم
Amendment of West Pakistan Act XXXIV of 1964
۶۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ XV کی ترمیم
Amendment of Sindh Act XV of 1975
۷۔ موٹر گاڑی ڈیلر کے لیئے لائسنس
License for Motor Vehicle Dealer
۸۔ جرمانہ
Penalty
۹۔ سول کورٹس میں کیسوں پر پابندی
Bar of suits in Civil Courts
۱۰۔ قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

سندھ ایکٹ نمبر XIV مجریہ ۱۹۸۹

SINDH ACT NO.XIV OF 1989

سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۸۹

THE SINDH FINANCE ACT, 1989

[۲۸ اگست ۱۹۸۹]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ صوبے میں کچھ ٹیکس، ڈیوٹیز اور فیس کی بازیابی، اضافہ کیا جائے گا اور ان کو معقول بنایا جائے گا۔

جیسا کہ سندھ صوبے میں کچھ ٹیکس، ڈیوٹیز اور فیس کی بازیابی اور اضافہ کو معقول بنانا مقصود ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱)اس ایکٹ کو سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۸۹ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور پہلی جولائی ۱۹۸۹ سے نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲۔ اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) "حکومت" مطلب حکومت سندھ؛

(b) "موٹر گاڑی ڈیلر" ایک شخص جو کمیشن یا دوسری نقد رقم کے بدلے ایک موٹر گاڑی کے فروخت، ادلا بدلی، منتقلی یا لین دین کی باتوں کا انتظام کرے یا باتیں کرے اور جس میں شامل ہے، وہ شخص جو موٹر گاڑیوں کے فروخت اور خرید میں ڈیل کرتا ہو؛

۱۸۹۹ کے ایکٹ II کی ترمیم
Amendment of

Act II of 1899

(c) "بیان کردہ" مطلب قواعد کے تحت بیان کردہ؛

(d) "قواعد" مطب اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد۔

۳۔ اسٹیمپ ایکٹ ۱۸۹۹ میں، سندھ صوبے میں نافذ کرنے کے لیئے، اس کے شیڈول I میں:

(a) آرٹیکل ۴ کے کالم ۲ میں، الفاظ "چھہ روپے" کو الفاظ "دس روپے" سے متبادل بنایا جائے گا۔

(b) آرٹیکل ۱۳ کی شق (a) میں کالم ۱ اور ۲ میں اندراج کے لیئے، مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

اگر اکیلے طور پر جمع کیا جائے	اگر دو کے سیٹ میں جمع کیا جائے، سیٹ کے ہر ایک حصہ کے لیئے	اگر تین کے سیٹ میں جمع کیا جائے، سیٹ کے ہر ایک حصہ کے لیئے
ہر -/1000 روپے یا بل کی رقم کے حصہ کے لیئے۔ 2.00 روپے	1.00 روپیا	0.75 پیسے

۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXII کی ترمیم

Amendment of West Pakistan Act XXXII of 1958

(c) آرٹیکل ۴۸ میں:

(i) شق (a) کے کالم ۲ میں، الفاظ "پانچ روپے" کے لیئے الفاظ "پچیس روپے" کو متبادل بنایا جائے گا۔

(ii) شق (b) کے کالم ۲ میں، الفاظ "دس روپے" کے لیئےالفاظ "پچاس روپے" کو متبادل بنایا جائے گا۔

(d) آرٹیکل ۴۹ کی شق (a) میں:

(i) ذیلی شق (i) کے کالم ۲ میں، الفاظ "پندرہ روپے" کے لیئے الفاظ "تیس روپے" کو متبادل بنایا جائے گا۔

(ii) ذیلی شق (ii) کے کالم ۲ میں، الفاظ "تیس

روپے" کے لیئے الفاظ "ساٹھ روپے" کو متبادل بنایا جائے گا۔

۴۔ سندھ موٹر گاڑیاں ٹیک سیشن ایکٹ، ۱۹۵۸ کے شیڈول میں:

(i) جریان نمبر ۴ کے اندراج میں:

(a) شق (a) کے کالم ۲ میں، اعداد "۳۹۲" کے لیئے اعداد "۴۰۰" کو متبادل بنایا جائے گا؛

(b) شق (c) کے کالم ۲ میں، اعداد "٦٥٢" کے لیئے اعداد "٦٦٠" کو متبادل بنایا جائے گا؛

(c) شق (e) کے کالم ۲ میں، اعداد "۷۸" کے لیئے "۸۰" کو متبادل بنایا جائے گا۔

(d) شق (f) کالم ۲ میں اعداد "۱۳۸" کو "۱۵۰" سے متبادل بنایا جائے گا۔

(ii) جریاں نمبر ۵ کے اندراج کے لیئے، مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

(a) موٹر گاڑی جس میں چار سے زائد افراد کی گنجائش نہ ہو اور:

(i) 7.46 Kwt سے زائد نہ ہو ۴۰۰ روپے

(ii) 7.46 Kwt سے زائد ہو لیکن 13.43 Kwt سے کم نہ ہو۔ ۴۸۰ روپے

(iii) 13.43 Kwt اور اس سے زائد ۶۰۰ روپے

(b) موٹر گاڑی جس میں چار سے زائد افراد کی گنجائش ہو اور ہر ایک اضافی سیٹ کے لیئے:

(i) اگر 7.46 Kwt سے زائد نہ ہو ۸۰ روپے ہر سیٹ کے لیئے

(ii) اگر 7.46 Kwt سے زائد ہو ۱۰۰روپے ہر سیٹ کے لیئے

(iii) جریاں نمبر ۵ کے اندراج کے بعد، مندرجہ ذیل نئے اندراج شامل کیئے جائیں گے:

۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXIV کی ترمیم
Amendment of West Pakistan Act XXXIV of 1964

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ XV کی ترمیم
Amendment of Sindh Act XV of 1975

موٹر گاڑی ڈیلر کے لیئے لائسنس
License for Motor Vehicle Dealer

"۶۔ زرعی مقاصد کے لیئے استعمال ہونے والا ٹریکٹر:

(i) ٹریلر کے علاوہ ٹریکٹر ۱۰۰ روپے

(ii) اگر ٹریکٹر کے ساتھ ٹریلر جڑا ہوا ہے ۲۰۰ روپے

جرمانہ
Penalty

۵۔ سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۶۴ کے ساتویں شیڈول کو اس ایکٹ کے شیڈول سے تبدیل کیا جائے گا۔

سول کورٹس میں کیسوں پر پابندی
Bar of suits in Civil Courts

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

۶۔ سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۷۵ کی دفعہ ۸ کی ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "پچھتر پیسے" کے لیئے الفاظ "ایک روپیا" کو متبادل بنایا جائے گا۔

۷۔ (۱) کوئی بھی ڈیلر لائسنس کے علاوہ موٹر گاڑیوں کا کاروبار نہیں کر سکے گا۔

(۲)ذیلی دفعہ (۱) کے تحت لائسنس ایسی اختیاری کی طرف سے اس طرح جاری کیا جائے گا یا ایسی شرائط و ضوابط کے تحت دوسری مرتبہ جاری کیا جائے گا، جیسے بیان کیا گیا ہو، مندرجہ ذیل فیس پر:

واپار کی جگہ	لائسنس فی	رینیوئل فی
(i)میٹروپولیٹن شہر	سالانہ 500.00 روپے	سالانہ 250.00 روپے
(ii)دیگر علاقے	سالانہ 250.00 روپے	سالانہ 125.00 روپے

۸۔ اگر کوئی شخص دفعہ ۷ کی گجائشوں کی خلاف ورزی کرتا ہے تو لائسنس فی سے اضافی طور پر جرمانہ کے مستحق ہوگا جو ایسی فی سے زائد نہ ہوگا۔

۹۔ اس ایکٹ اور اس سلسلے میں بنائے گئے قواعد

کے تحت ٹیکس، ڈیوٹی یا فی لگانے، بازیاب کرنے یا جمع کرنے پر سول کورٹ میں کوئی کیس نہیں ہو سکے گا۔

۱۰۔ حکومت اس ایکٹ کے مقصد پورے کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

شیڈول

(دیکھیں دفعہ ۵)

"ساتواں شیڈول"

(دیکھیں دفعہ ۱۱)

جریاں نمبر	کیٹیگریز	سالانہ ٹیکس کا ریٹ
.1	وہ سارے لوگ جو کسی شعبے، واپار، کالنگ یا ایمپلائمنٹ میں مصروف ہوں، سوائے ان کے جن کا اس کے بعد ذکر آئے گا اور جو گزشتہ مالی سال میں انکم ٹیکس میں آتے ہوں۔	150
.2	ساری پبلک لمیٹیڈ کمپنیز جن کو سندھ میں رجسٹرڈ آفیسیں ہوں۔	6000
.3	(a)ساری پرائیویٹ لمیٹیڈ اور بیرونی کمپنیاں (b)امپورٹ اور ایکسپورٹ دونوں کا لائسنس رکھنے والا (c) انڈسٹریز، فیکٹریز اور کمرشل اسٹبلش منٹس کے مالک جو دس یا دس سے زائد ملازم رکھتے ہوں علاوہ ان کے، جو (a) سے اوپر ہوں۔ (d) سارے ٹھیکیدار جو تعمیراتی کام کرتے ہوں یا چیزوں کے سپلائی یا خدمات اور مزدوروں کی فراہمی	3500 1000 2500

	کرتے ہوں: (i) حکومت سے رجسٹرڈ یا حکومتی ایجنسیز جیسا کہ: (a) 'A' کلاس ٹھیکیدار (b)'B' کلاس ٹھیکیدار (c)'C' کلاس ٹھیکیدار (ii)دوسرے سارے ٹھیکیدار: (e)سارے ایجنٹ، اسٹاکسٹ، ایجنسی ہولڈر اور ہول سیلر جو دوسروں کے لیئے کمیشن بنیاد پر چیزوں اور خدمات کی خرید و فرخت کرتے ہوں۔ (f) سارے پیٹرول پمپ اسٹیشنز	5000 3500 1500 1000 1000 1000
.4	ساری فیکٹریز، دکان اور اسٹبلش منٹس سوا ان کے جو جریاں نمبر ۲ اور ۳ سے اوپر بیان کردہ ہوں۔ (a)جن سے گزشتہ مالی سال کے دوران انکم ٹیکس لی گئی ہو؛ (b)جن سے گزشتہ مالی سال کے دوران انکم ٹیکس نہ لی گئی ہو۔	500 200

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔